



VIRGINIA DEPARTMENT OF EMERGENCY MANAGEMENT

# ہنگامی تیاری سے متعلق دستی کتابچہ

اپنی فیملی، گھر، اور جائے کار کو تمام تر خطرات کے لیے تیار کریں۔

**Ready**
Prince William

# ہنگامی تیاری کی کٹ

**ہنگامی رسد |** تباہی کی شدت اور آپ کے جغرافیائی محل وقوع کے لحاظ سے سرکاری خدمات یا اعانت آپ اور آپ کی فیملی تک پہنچنے میں کئی دن یا ہفتے لگ سکتے ہیں۔ تباہی کے بعد اپنی فیملی کو قائم رکھنے کے لیے ہنگامی کٹ اہم ہے۔

یہ جانچ فہرست استعمال کر کے وقت کے ساتھ اپنی ہنگامی سپلائی کٹ یوں تیار کریں کہ ہر ہفتے یا مہینے اس میں چند آئٹم کا اضافہ کریں۔ ان میں سے بہت سارے پروڈکٹس ورجینیا کے ٹیکس فری ویک اینڈ کے لیے اہل ہیں جو ہر سال اگست میں منعقد ہوتا ہے۔ جو آئٹم خراب ہو جائیں انہیں باقاعدگی سے بدلیں، جیسے پانی، غذا، دوا اور بیٹریاں، اور جب آپ اپنی کٹ تیار کریں تو اپنی فیملی کی منفرد ضروریات یاد سے اپنے ذہن میں رکھیں۔




## غذا + رسد

- ☐ پانی اور نہیں سڑنے والی غذا کی کم از کم 3 دن کی رسد
- ☐ شیر خوار بچوں کا فارمولا اور پوتڑے
- ☐ پالتو جانور کی غذا اور رسد (اگلا صفحہ دیکھیں)

## طبی ضروریات

- ☐ کم از کم ایک ہفتے کی دوائیں اور نسخوں کی کاپیاں
- ☐ طبی ساز و سامان اور اعانتی ٹیکنالوجی اور بیک اپ بیٹریاں
- ☐ فرسٹ ایڈ کٹ اور اینٹی بایوٹک مرہم
- ☐ سن بلاک

## ٹولز + حفاظتی آئٹمز

- ☐ فلیش لائٹ اور بیٹریاں
- ☐ کثیر المقصد ٹول
- ☐ دھول سے بچاؤ والے ماسک یا N-95 ریسپریٹرز

## حفاظتی پوشش + لباس

- ☐ زائد موسمی لباس
- ☐ سخت جوتے اور کام کرنے کے دستانے
- ☐ کمبل یا سلیپنگ بیگز

## ہنگامی فنڈز

- ☐ ہنگامی نقد فنڈ کم از کم کئی دنوں تک آپ کی فیملی کو برقرار رکھنے کے لائق ہونا چاہیے۔ سرکاری اعانت اور وسائل میں وقت لگتا ہے۔
- ☐ اگر آپ سے خالی کرنے کو کہا جاتا ہے تو ایندھن، قیام، اور کھانوں کی نیز پالتو جانور کو رکھنے کی لاگتوں کا احاطہ کرنے کے لیے فنڈز کا منصوبہ بنائیں۔
- ☐ کریڈٹ کارڈز یا ڈیبٹ کارڈز پر انحصار نہ کریں کیونکہ ممکن ہے اہم نیٹ ورکس جیسے انٹرنیٹ یا الیکٹریکل بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچا ہو۔ طوفان سے پہلے کافی مقدار میں نقدی نکالنے کو یقینی بنائیں۔

## حفظان صحت + صفائی ستھرائی

اچھا حفظان صحت برقرار رکھنا بیکٹیریا اور متعدی مرض کے پھیلاؤ کو روک سکتا ہے۔

- ☐ بیکٹیریا مخالف صابن، دافع انفیکشن، اور قابل ضیاع دستانے
- ☐ کاغذی تولیے، ٹوائلٹ پیپر اور چھوٹے تولیے
- ☐ بلیچ اور رگڑنے والا الکحل
- ☐ ٹوتھ برش اور ٹوتھ پیسٹ

## اہم کاغذی کام

طوفان یا انخلا سے پہلے، اپنا اہم کاغذی کام اکٹھا کریں اور ایک واٹر پروف تھیلے یا کنٹینر میں اسٹور کریں۔ اپنے ریکارڈوں کا پاس ورڈ سے تحفظ یافتہ ایک بیک اپ ورچوئل کلاؤڈ سروس پر اسٹور کرنے کی بھی سفارش کی جاتی ہے۔

- ☐ ڈرائیونگ لائسنس اور پاسپورٹ
- ☐ گاڑی کا رجسٹریشن اور بیمہ
- ☐ طبی اور ٹیکہ کاری کے ریکارڈز
- ☐ نسخے والی دوا کے لیبل
- ☐ سند پیدائش اور سوشل سیکیورٹی کارڈز
- ☐ اسناد ازدواج
- ☐ رہائش کا ثبوت (وثیقہ یا لیز)
- ☐ کاروباری اور ذاتی ٹیکس ریکارڈز
- ☐ وصیت نامے
- ☐ گھریلو فرد سامان (فوٹو یا ویڈیو)

## آرام + انمول آئٹمز

ممکن ہے آپ طویل مدت تک اپنے گھر سے دور ہوں اور آپ کی پراپرٹی کو نقصان پہنچا ہو۔ جو چیزیں ناقابل تبدیلی ہوں یا آپ کی فیملی، خاص طور پر بچوں کو آرام فراہم کرتی ہوں وہ لے لیں۔

- ☐ کتابیں، معمے اور من پسند بھس بھرے کھلونے
- ☐ فوٹو البمز
- ☐ قیمتی چیزیں اور زیورات

## پالتو جانور کی رسد



ساری پناہ گاہیں اور ہوٹل پالتو جانوروں کو قبول نہیں کرتے ہیں۔ فیملی، دوستوں کے ساتھ یا پالتو جانور موافق دیگر مقامات پر رکنے کا پیشگی منصوبہ بنائیں مبادا آپ کو اپنا گھر خالی کرنے کی ضرورت پڑ جائے۔

### پالتو جانور کے لیے مخصوص آئٹمز

- ☐ گلے میں ID ٹیگز اور مائیکرو چپ والے پالتو جانور
- ☐ نسخے اور پالتو جانور کی حالیہ تصاویر
- ☐ ٹیکہ کاری اور طبی ریکارڈز
- ☐ 1.5 گیلن پانی اور کافی مقدار میں غذا اور دوا فی پالتو جانور کم از کم تین دن کے لیے
- ☐ پالتو جانور کی دوا، فیڈنگ اور دوا دینے کے شیڈول کی کاپی نگراں، پناہ گاہ یا بورڈنگ کے عملے کے لیے
- ☐ سرونگ باؤل، پالتو جانور کے کھلونے اور بیڈنگ
- ☐ پالتو جانور کولے جانے کے لیے کالر، پٹہ اور کیریئر

## کار کی رسد



ایک ہنگامی کٹ اپنی گاڑی میں رکھیں مبادا آپ کو تباہی بشمول اچانک سیلاب زدگی، جنگلی آگ، باد و باراں کے طوفان سے انخلا کے لیے جلدی سے چھوڑ کر جانا پڑے یا آپ جاڑے کے موسم کے حالات سے بے بس ہو جائیں۔

### کار کے لیے مخصوص آئٹمز

- ☐ نہ سڑنے والی غذا اور بوتل بند پانی
- ☐ جمپر کیبلز اور ٹولز
- ☐ فائر ایکسٹنگیشر اور فلیئرز
- ☐ فلیش لائٹ اور زائد بیٹریاں
- ☐ فرسٹ ایڈ کٹ اور گرم کمبل

## بحفاظت گھر لوٹیں

ہر سال لوگوں کی ایک نمایاں تعداد باد و باراں کے طوفان کے بعد زخمی یا ہلاک ہو جاتی ہے۔ جب آپ گھر لوٹیں اور بحالی کا مرحلہ شروع کریں تو، براہ کرم یہ حفاظتی تجاویز ذہن میں رکھیں:

- » سیلاب کے پانی میں نہ اتریں، جس میں خطرناک ملبہ، بشمول ٹوٹا ہوا شیشہ، دھات، مردار حیوانات، سیویج، گیسولین، تیل اور پانی میں ڈوبی ہوئی بجلی کی لائنیں ہو سکتی ہیں۔
- » عمارت میں تب تک داخل نہ ہوں جب تک بجلی کے نظام، گیس لائنوں، سیپٹک سسٹم اور پانی کی لائنوں یا کنویں کو ہوئے نقصان کے مدنظر اس کا معائنہ نہ ہو جائے۔
- » جب تک نلکے کا پانی محفوظ ہونے کا علم نہ ہو اسے نہ پیئیں۔ اگر پریقین نہ ہوں تو، پہلے اسے ابالیں یا پیوریفائی کریں۔
- » گری ہوئی چیزوں یا پانی میں ڈوبی ہوئی بجلی کی لائنوں کا خیال رکھیں؛ پانی میں ڈوبی ہوئی بجلی کی لائنوں کی رپورٹ اپنے مقامی یوٹیلیٹی فراہم کنندہ کو کریں۔

### باد و باراں کے طوفان کے بعد صفائی

- » حفاظتی ساز و سامان جیسے دستانے، حفاظتی چشمے، ربر کے بوٹ اور ماسک پہنیں تاکہ خود کو ملبہ اور ہوا سے پیدا ہونے والے ذرات، جیسے پھپھوندی یا دھول سے بچائیں۔
- » جو بھی چیز گیلی ہو جائے اس کی صفائی اور جراثیم کشی کریں۔ سیلاب کے پانی سے چھوٹ جانے والی کیچڑ میں سیویج، بیکٹیریا اور کیمیکلز ہو سکتے ہیں۔
- » جب بھی آپ موجود ہوں تمام دروازے اور کھڑکیاں کھول کر بند جگہوں کی ہوا باہر نکالیں۔ جب آپ موجود نہ ہوں تو سکیورٹی کی تشویشات جتنی اجازت دیتی ہوں اتنی کھڑکیاں کھلی چھوڑیں۔
- » تر بہ تر ہو چکے مسام دار مٹیریلز جیسے گدے یا اپ ہولسٹر آئٹمز، خاص طور پر مرئی سماروغ کی افزائش والے آئٹوں کو ضائع کر دیں۔
- » سیلاب کے پانی سے تر بہ تر ہو چکی فلورنگ، پینلنگ، ڈرائی وال، انسولیشن اور بجلی والے آؤٹ لیٹ کو پھاڑ کر نکال دیں۔



# خطرے میں تخفیف کرنا


باد و باراں کا طوفان آنے سے پہلے منصوبہ بندی اور تیاری کرنے سے آپ کو تیز ہوا اور سیلاب کے پانی کے اثر کا نظم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ نیچے بیان کردہ اقدامات اختیار کر کے خود کو اور اپنی فیملی کو محفوظ رکھیں اور اپنے گھر اور پراپرٹی کا تحفظ کریں۔ اگر آپ کرایہ دار ہیں تو، جو اضافی اقدامات آپ اختیار کر سکتے ہیں اس بارے میں اپنے مکان مالک یا پراپرٹی مینیجر سے بات کریں۔

### اپنا گھر تیار کریں

- ☐ کھڑکیاں ڈھک دیں اور طوفان والے سارے شٹر بند کر دیں۔ چھت، دروازے اور گیریج کو محفوظ بنائیں اور انہیں تقویت دیں۔
- ☐ ڈھیلی ڈھالی، ہلکے وزن کی چیزیں جیسے آنگن کا فرنیچر، کوڑے کے کنستر اور سائیکلیں اندر کر لیں۔
- ☐ جن چیزوں کو اندر لانا غیر محفوظ ہوگا ان میں لنگر لگا دیں (جیسے گیس گرلز یا پروپین ٹینکس)۔
- ☐ ایسی خراب شدہ درختوں اور ڈالیوں کو تراش دیں یا ہٹادیں جو اتنی قریب ہوں کہ ڈھانچوں پر گر سکتی ہوں۔
- ☐ ڈھیلے ڈھالے برساتی نالے اور ڈاؤن اسپاؤٹس کو محفوظ بنائیں اور کسی جماؤ والے حصے یا ملبے کو صاف کریں تاکہ پانی کو آپ کے مکان کو نقصان پہنچانے سے روکا جائے۔
- ☐ بجلی گل ہونے کے دوران استعمال کے لیے ایک پورٹیبل جنریٹر خریدیں یا پورے گھر والا جنریٹر انسٹال کریں۔
- ☐ متبادل بجلی کے مآخذ، جیسے پورٹیبل جنریٹر باہر میں، گھر سے کم از کم 20 فٹ دور، اورنمی سے محفوظ رکھیں۔
- ☐ بیمہ کے مقاصد کے مدنظر طوفان سے پہلے اپنے گھر کی حالت ضبط تحریر کریں: جیسے فوٹو، ویڈیوز۔

### اپنا کاروبار تیار کریں

- ☐ باد و باراں کا طوفان آنے سے پہلے ملازمین کی ذمہ داریاں اور کردار ضبط تحریر کریں اور ہر ملازم کے ساتھ جائزہ لیں۔
- ☐ عملہ کے ممبروں کو ان کے کردار کا ادراک ہونے کو یقینی بنانے کے لیے ایک مشق کا اہتمام کریں اور اپنے ہنگامی منصوبے ٹیسٹ کریں۔ مابعد کی کارروائی رپورٹ اور سیکھے گئے اسباق کے سیشن کے ساتھ فالو اپ کریں۔
- ☐ اپنے وینڈرز سے رابطہ کر کے ان کی تیاری کے منصوبے کو اور تباہی آپ کے سپلائی چین کو جس طرح متاثر کرتی ہے اس کو سمجھیں۔
- ☐ کمپیوٹرز اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی (Information Technology, IT) کے دوسرے نظاموں کو بڑی کھڑکیوں اور دروازوں سے دور ہٹا دیں۔
- ☐ گرانقدر چیزیں اور IT سسٹمز کو اپنی فسیلیٹی کی اوپری سطح پر یا اگر ضرورت ہو تو کسی مزید محفوظ مقام پر پہنچا دیں۔
- ☐ یقینی بنائیں کہ اہم ریکارڈ محفوظ ہیں: اپنی آف سائٹ بیک اپ ریکارڈ اسٹوریج کا تجزیہ کریں، گرانقدر دستاویزی شہادت اور ڈیجیٹل اسٹوریج میڈیا کو واٹر پروف، فائر پروف باکس میں رکھیں۔
- ☐ تمام دروازے اور کھڑکیاں ڈھکیں۔
- ☐ اپنی مالی سرمایہ کاری کا تحفظ کرنے کے لیے سیلاب بیمہ پالیسی خریدیں۔



# سیلاب بیمہ

### سیلاب بیمہ خریدنے کے بارے میں اپنے بیمہ ایجنٹ سے بات کریں اور یاد رکھیں:

گھر یا دفتر میں محض ایک انچ پانی کی صفائی کی لاگت، بشمول ڈرائی وال، بیس بورڈ، فلور کورنگ اور فرنیچر کو بدلنے میں ہزاروں کی لاگت آ سکتی ہے۔ سیلاب بیمہ خریدنا سیلاب سے ہونے والے نقصان کے ساتھ وابستہ لاگتوں سے آپ کے کاروبار اور آپ کی فیملی مالی سیکورٹی کا تحفظ کرنے کا ایک بہترین طریقہ ہے۔

- قومی سیلاب بیمہ پروگرام (National Flood Insurance Program, NFIP) کے کال سنٹر سے 888.379.9531 پر رابطہ کر کے ایجنٹ ریفرل کی درخواست کریں یا www.floodsmart.gov ملاحظہ کریں۔
- سیلاب بیمہ پالیسی مؤثر ہونے سے پہلے 30 دن کے وقت انتظار کی مدت ہے۔ انتظار نہ کریں!
- پراپرٹی بیمہ کی بیشتر پالیسیاں سیلاب سے ہونے والے خساروں کا احاطہ نہیں کرتی ہیں، لہذا آپ کو علیحدہ سیلاب بیمہ خریدنا ہوگا۔
- پالیسی کے سالانہ پریمیم $112 سالانہ سے شروع ہوتے ہیں اور سیلاب سے خطرے کی سطح اور درکار کوریج کی رقم کے مطابق بڑھتے ہیں۔
- اگر آپ کنڈومینیم یونٹ کرایے پر لیتے ہیں یا اس کے مالک ہیں تو، عمارت (اگر آپ یونٹ کے مالک ہیں) اور مشمولات کا کوریج دونوں ہی خریدنا اچھا خیال کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کرایہ دار ہیں تو، صرف مشمولات کا کوریج دستیاب ہے۔
- اگرچہ سیلاب بیمہ وفاقی سطح پر مطلوب نہیں ہے، مگر NFIP کے سیلاب سے متعلق تمام دعووں کا لگ بھگ 25 فیصد معاملہ معتدل تا کم خطرہ والے علاقوں میں پیش آتا ہے۔
- کم از کم 26 فیصد امکان اس بات کا ہے کہ آپ کو اپنے رہنے کی پوری مدت کے دوران ایک بنیادی سیلاب کا سامنا ہوگا۔

# باخبر رہیں

**ہنگامی مواصلات |** آپ کے ہنگامی مواصلتی منصوبے میں سیل فون چارجنگ کی زائد ڈیوائسز اور بیٹریاں، نیز اضافی مواصلتی ٹولز شامل ہونے چاہئیں: AM/FM ریڈیو اور NOAA ویدر ریڈیو نیز زائد بیٹریوں کی سفارش کی جاتی ہے۔

*Everbridge ایپ ڈاؤن لوڈ کریں اور "PWC Alerts" (PWC کی انتباہات) تلاش کر کے ہنگامی انتباہات کے لیے سائن اپ کریں۔*

App Store پر دستیاب ہے

ANDROID ایپ پر Google Play

## گھرانے کی معلومات

اپنے گھرانے کے ہر کسی کا فون نمبر اور ای میل پتہ اور دیگر رابطے لکھ لیں جس میں توسیعی فیملی، دوست، پڑوسی یا ساتھی کارکنان بھی شامل ہیں۔ ان معلومات سے دوسروں سے دوبارہ جڑنے میں آپ کو مدد ملے گی چاہے آپ کے پاس اپنی موبائل ڈیوائس نہ ہو یا اگر بیٹری کمزور ہو جائے۔

اگر آپ کے گھرانے میں کوئی ممبر ایسا ہو جو بہرا ہو یا اونچا سنتا ہو یا جس کو گویائی کا عذر ہو یا روایتی یا ویڈیو ریلے سروس (video relay service, VRS) استعمال کرتے ہوں تو، اس بارے میں معلومات شامل کریں کہ لینڈ لائن فون، موبائل ڈیوائس یا کمپیوٹر پر ریلے سروس کے ذریعے کیسے مربوط ہوں۔

## شہر سے باہر رابطہ

اپنی کمیونٹی یا ریاست سے باہر کسی ایسے شخص کو شناخت کریں جو آپ کے گھرانے کو دوبارہ مربوط کرنے میں مدد کے لیے رابطے کے مرکزی نقطہ کا کام کر سکے۔ تباہی میں،طویل دوری کی فون کال کرنا آسان تر ہو سکتا ہے کیونکہ مقامی فون لائنیں مغلوب یا ناقص ہو سکتی ہیں۔


## اسکول، نگہداشت طفل، نگران اور جائے کار کے ہنگامی منصوبے

یقینی بنائیں کہ فون اور ای میل اکاؤنٹس والے آپ کے گھرانے کے ممبران اپنے اسکول، جائے کار اور مقامی ایجنسیوں کی طرف سے انتباہات اور تنبیہات کے لیے سائن اپ ہیں بشمول: پولیس،فائر، ایمبولنس سروسز، محکمہ صحت عامہ، پبلک ورکس، پبلک یوٹیلیٹیز، اسکول سسٹم اور آپ کا مقامی ایمرجنسی مینیجمنٹ آفس۔ سوشل میڈیا پر ان باضابطہ ایجنسیوں کو فالو کرنا آپ کو سہولت بخش اور اہم معلومات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے اضافی جگہ فراہم کرے گا۔

## دیگر اہم نمبرات اور رابطہ کی معلومات

ہنگامی خدمات،یوٹیلیٹی اور خدمت فراہم کنندگان، طبی فراہم کنندگان، مویشی ڈاکٹر، بیمہ کمپنیوں اور دیگر اہم خدمات کےفون نمبر لکھ لیں، اسٹور کریں یا ان تک سہولت بخش رسائی رکھیں۔

***کسی ہنگامی واقعہ کے دوران، کاؤنٹی ہذا <u>https://pwcva.gov/emergency</u> پر اپ ڈیٹس پوسٹ کرتی ہے۔ یہ صفحہ بک مارک کریں!***




Ready

## اضافی منصوبہ بندی کے وسائل

منصوبہ بندی کے وسائل اور خدمات کی جامع فہرست کے لیے، pwcva.gov/makeaplan ملاحظہ کریں

# تباہی سے صفائی




**جب آپ تباہی سے بحالی کا مرحلہ شروع کریں تو، درج ذیل باتیں ذہن میں رکھیں:**

- عمارت میں تب تک داخل نہ ہوں جب تک بجلی کے نظام، گیس لائنوں، سیپٹک سسٹم اور پانی کی لائنوں یا کنویں کو ہوئے نقصان کے مدنظر اس کا معائنہ نہ ہو جائے۔
- گری ہوئی چیزوں یا پانی میں ڈوبی ہوئی بجلی کی لائنوں کا خیال رکھیں؛ بجلی گل ہونے اور گری ہوئی بجلی کی لائنوں کی رپورٹ اپنے مقامی یوٹیلیٹی فراہم کنندہ کو کریں۔
- گرے ہوئے درختوں کو ہٹانے، ملبہ کی صفائی کرنے یا ساز و سامان جیسے چین والے آرے استعمال کرنے کے وقت احتیاط برتیں یا پیشہ ورانہ اعانت طلب کریں۔
- اپنے مقامی ایمرجنسی مینیجمنٹ آفس یا لوکلیٹی سے رابطہ کر کے ان تنظیموں کے بارے میں مزید جانیں جو رہائشی صفائی کی کوششوں میں اعانت کریں گی۔
- اگر آّپ کی بجلی گل ہو جاتی ہے تو، Dominion Energy، NOVEC یا اپنے مقامی بجلی فراہم کنندہ یا کوآپریٹو کو اس کی رپورٹ کریں۔
  - **Dominion Energy |** بجلی گل ہونے کی رپورٹ کرنے اور اپنی حالت چیک کرنے کے لیے dominionenergy.com/outages ملاحظہ کریں۔ پانی میں ڈوبی ہوئی لائنوں اور دیگر حفاظتی خطرات کی رپورٹ 866.366.4357 پر کال کر کے دیں۔
  - **NOVEC |** بجلی گل ہونے کی رپورٹ کرنے اور اپنی حالت چیک کرنے کے لیے novec.com/stormcenter ملاحظہ کریں۔ پانی میں ڈوبی ہوئی لائنوں اور دیگر حفاظتی خطرات کی رپورٹ 703.335.0500 پر کال کر کے دیں
- **اگر تباہی کے بعد آپ کی پراپرٹی کو نقصان پہنچا ہے:**
  - آپ کی پراپرٹی کو ہوئے نقصان کی تصاویر لیں؛
  - نقصان کی رپورٹ کرنے کے لیے اپنے بیمہ فراہم کنندہ سے رابطہ کریں، اور
  - نقصان کی رپورٹ کاؤنٹی کے آفس آف ایمرجنسی مینیجمنٹ کو دیں، تاکہ ہم آپ کے خسارے کو نقصان کی اپنی تشخیص میں شامل کر سکیں۔
  - اپنے نقصانات کی رپورٹ آن لائن **pwcva.gov/reportdamage** پر کریں۔

# غذا + پانی کی حفاظت

**بجلی گل ہونے کی صورت میں، غذا کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے محتاط تدابیر اختیار کرنا اہم ہے۔ جب ریفریجریٹرز اور اوون رو بہ عمل نہ ہوں تو غذائی زہر آلودگی کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔**

- ایک بھرا ہوا کولر یا فریزر اپنا سرد درجہ حرارت اس سے زیادہ دیر تک برقرار رکھے گا جو جزوی طور پر بھرا ہو، لہذا کافی مقدار میں برف، خشک برف یا فریزر پیکس پیک کرنا ضروری ہے تاکہ اگر طویل وقت تک کے لیے بجلی گل ہونے والی ہو تو مستقل سرد درجہ حرارت یقینی بنایا جائے۔
  - ریفریجریٹر کو اگر نہ کھولا جائے تو یہ غذا کو لگ بھگ 4 گھنٹے تک ٹھنڈا رکھے گا۔
  - بھرے ہوے فریزر کا دروازہ اگر بند رہے تو یہ لگ بھگ 48 گھنٹے (اگر آدھا بھرا ہو تو 24 گھنٹے) درجہ حرارت برقرار رکھے گا۔
- جو غذا دو گھنٹے سے زیادہ دیر تک کمرے کے درجہ حرارت پر رہی ہو، اور جس کسی غذا میں خلاف معمول بو،رنگ یا بافت ہو اسے ضائع کر دیں۔ **شبہ ہونے پر، اسے پھینک دیں!**
- غذا کو مناسب درجہ حرارت پر پکائیں تاکہ یہ یقینی ہو جائے کہ غذا سے پیدا ہونے والا جو بیکٹیریا موجود ہو سکتا ہے وہ ضائع ہو جائے۔ اگر کسی بھی وقت غذا دو گھنٹے یا زائد وقت تک 40° F سے زیادہ پر تھی تو — اسے ضائع کر دیں۔
- پانی کے عوامی وسائل کی حفاظت اور "بوائل واٹر" کے طریق کار سے متعلق معلومات کے لیے vdh.virginia.gov/drinking-water/ ملاحظہ کریں۔
- رہائشیوں اور سہولیات کو جو نجی کنویں سے یا سیلاب کے پانی سے زیر آب سیپٹک سسٹم سے پانی فراہم کرتے ہیں انہیں اضافی احتیاط برتنی چاہیے۔ مزید معلومات کے لیے vdh.virginia.gov/environmental-health/onsite-sewage-water-services-updated/before-and-after-the-storm-private-wells-and-onsite-sewage-systems/ ملاحظہ کریں۔
- ریسٹورنٹ آپریٹرز کے لیے غذائی تحفظ کے سلسلے میں معلومات vdh.virginia.gov/environmental-health/food-safety-in-virginia/food-operators/restaurant-preparedness/ پر دستیاب ہیں۔

# بحالی کے امکانی وسائل

## مقامی

اپنے گھر اور کاروبار کو تباہی سے ہوئے نقصان کی رپورٹ اپنی لوکلیٹی کے آفس آف ایمرجنسی مینیجمنٹ کو کریں۔ اضافی وسائل اور معلومات تک رسائی کے لیے اپنے شہر یا کاؤنٹی کے محکمہ برائے سماجی خدمات، انسانی خدمات، کمیونٹی سروسز بورڈ، صحت عامہ، ہاؤسنگ اور مقامی آفس آف ایمرجنسی مینیجمنٹ کو کریں۔

## فیڈرل ایمرجنسی مینیجمنٹ آفس (FEDERAL EMERGENCY MANAGEMENT AGENCY, FEMA)

### *افراد اور گھرانے کے لیے پروگرام (Individuals and Households Program, IHP)*

**اگر تباہی کے صدارتی اعلامیہ کا اعلان کیا جاتا ہے** تو، FEMA کا افراد اور گھرانے کے لیے پروگرام ان لوگوں کو مالی مدد یا راست خدمات فراہم کر **سکتا ہے** جن کے لازمی اخراجات اور سنگین ضروریات ہیں اگر وہ دوسرے ذرائع سے یہ ضروریات پوری کرنے سے قاصر ہوں۔ FEMA کے افراد اور گھرانے کے لیے پروگرام سے 800.621.FEMA پر رابطہ کریں۔

### *عوامی اعانت: مقامی، ریاستی، قبائلی اور غیر منفعتی*

اگر تباہی کے صدارتی اعلامیہ کا اعلان کیا جاتا ہے تو FEMA کا عوامی اعانت (Public Assistance, PA) گرانٹ پروگرام سرکاری تنظیموں اور مخصوص نجی غیر منفعتی (private nonprofit, PNP) تنظیموں کو وفاقی اعانت فراہم کر **سکتا ہے**۔

PA ریاستی، قبائلی، خطہ جاتی، مقامی حکومتوں اور مخصوص اقسام کی PNP تنظیموں کو گرانٹس فراہم کرتی ہے تاکہ کمیونٹیز بڑی تباہی یا ہنگامی حالات پر جلدی سے ردعمل کر سکیں اور ان سے بحال ہو سکیں۔ FEMA کے عوامی اعانت کے شعبے سے 202.646.3834 پر رابطہ کریں۔

## چھوٹے کاروبار کی انتظامیہ (SMALL BUSINESS ADMINISTRATION, SBA)

SBA گھر مالکان، کرایہ داروں اور کاروبار مالکوں کو پیسہ لون دے **سکتی ہے**۔ گھر مالکان تباہی سے متعلق گھر کی مرمتوں کے لیے $200,000 تک مستعارلے سکتے ہیں۔ گھر مالکان اور کرایہ داران تباہی سے خراب شدہ ذاتی پراپرٹی بشمول گاڑیوں کو بدلنے کے لیے $40,000 تک مستعارلے سکتے ہیں۔ SBA آپ کے بیمہ یا FEMA سے مراعات کی ڈپلیکیٹ نہیں لے سکتی۔ آپ FEMA کے پاس درخواست دیتے وقت SBA کا ریفرل لے سکتے ہیں۔ SBA سے 800.659.2955 پر 8 بجے صبح تا 9 بجے رات، پیر تا جمعہ رابطہ کریں یا disastercustomerservice@sba.gov پر ای میل کریں۔

## امریکی محکمہ زراعت (U.S. DEPARTMENT OF AGRICULTURE, USDA)

USDA ڈیزاسٹر ریسورس سنٹر USDA.gov پر ملاحظہ کریں جہاں آپ کو مخصوص تباہی اور ہنگامی حالات، تیاری کرنے، بحال ہونے کے طریقے کے بارے میں معلومات اور طویل مدتی لچک بنانے میں مدد، نیز تباہی کے واقعات کے بعد USDA کی اعانت کے بارے میں معلومات ملیں گی۔

Prince William کاؤنٹی میں، اپ ڈیٹس اور بحالی کے وسائل اس پر پوسٹ کیے جائیں گے:

**pwcva.gov/emergency**

## کس کو کال کریں

| | |
|---|---|
| **2-1-1** | 24/7، ریاست پیما تربیت یافتہ پیشہ ور افراد جو آپ کی صورتحال کو سنتے ہیں اور ورجینیا میں صحت و انسانی خدمات کا ایک سب سے بڑا وسیلہ استعمال کر کے مدد کے ذرائع پیش کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے www.211virginia.org ملاحظہ کریں۔ |
| **5-1-1** | **"آگے بڑھنے سے پہلے جانیں" (Know Before You Go)** پوری دولت مشترکہ میں اصل وقت میں ٹریفک کی معلومات پیش کرتی ہے۔ جب بھی آپ کو اس کی ضرورت ہو، آپ جہاں بھی ہوں۔ مزید معلومات کے لیے، www.511virginia.org ملاحظہ کریں۔ |
| **8-1-1** | **"کھدائی کرنے سے پہلے کال کریں - یہ قانون ہے" (Call Before You Dig - It's the Law)** کھدائی کرنے والوں، ٹھیکیداروں، پراپرٹی مالکان اور کسی بھی قسم کی خندق سازی اور کھدائی کی منصوبہ بندی کرنے والوں کے لیے ورجینیا کا مفت مواصلاتی مرکز ہے۔ تباہی سے بحالی کے وقت، کوئی فرد یا کاروبار کھدائی کرنے کا منصوبہ بنا سکتا ہے۔ شرکت کنندہ یوٹیلیٹیز ممکنہ ضرر، نقصان یا جرمانوں سے بچنے کے لیے اپنی زیر زمین سہولیات اور لائنوں کی نشاندہی کریں گی اور ان پر نشان لگائیں گی۔ |
| **9-1-1** | صرف ہنگامی حالات، بشمول فائر، طبی، حادثات کی اطلاع دہندگی، رواں جرائم اور مشکوک افراد یا واقعات کے لیے۔ 9-1-1 کو ٹریفک یا موسم کی اپ ڈیٹس اور معلومات کی درخواست کے لیے استعمال نہیں کرنا ہے، براہ کرم یہ لائنیں ہنگامی تعاون طلب کرنے والوں کے لیے خالی رکھیں۔ |

## بحالی والی تنظیمیں

**نیشنل والنٹری آرگنائزیشنز ایکٹو اِن ڈیزاسٹر (National Voluntary Organizations Active in Disaster)** | www.nvoad.org

**ورجینیا والنٹری آرگنائزیشنز ایکٹو اِن ڈیزاسٹر (Virginia Voluntary Organizations Active in Disaster)** | www.virginiavoad.org

**ورجینیا ڈیزاسٹر ریلیف فنڈ (Virginia Disaster Relief Fund)** | www.vaemergency.gov/donate

PRINCE WILLIAM COUNTY

**Office of Emergency Management**

1 County Complex Court, EA710, Prince William, VA 22192
EmergencyManagement@pwcva.gov | 703-792-7050